ان میں سے کسی کا بھی انکار نہیں کرتا اور نہ کر سکتا ہوں۔ بات تو صرف غیر مسلم کو سمجھانے کی تھی۔ اور وہ العصر کی اس گواہی سے تو ہرگز انکار نہیں کر سکتا کہ انسان مسلسل خسارے میں زندگی گزارتا ہے، البتہ اہلِ ایمان کو مستثنیٰ کرنے کی گواہی بھی زمانہ ہی دے رہا ہے؟ — یہ بات اگر صحیح ہوتی تو جیسا کہ میں اوپر عرض کر چکا ہوں، کوئی کافر بھی ایمان لانے سے باز نہ رہتا۔ اور پھر اب تو وہ بات ہی ختم ہو گئی ہے، کیونکہ میں نے "موت" کے بجائے "خود" گذرتے ہوئے زمانے کو انسان کا خسارہ تسلیم کر لیا ہے، لہٰذا اس موضوع پر مزید قلم فرسائی کی حاجت نہیں رہی۔

محترم پروفیسر آسی ضیائی صاحب نے مستفسرانہ انداز میں جو بحث چھیڑی تھی، اس کے سلسلے میں دو تین تحریریں شائع ہو چکی ہیں۔ اب ان کی آخری تحریر کے ساتھ اس بحث کو ختم کیا جاتا ہے۔ (ادارہ)

حدود اللہ (بلحاظ موضوعات)

ایک ایسی کتاب جس میں قرآن کریم کے مضامین کو ان کے عنوانات کے تحت (اردو میں) یکجا کر دیا گیا ہے تاکہ قاری کو جو بھی مسئلہ دریافت طلب ہو بہ آسانی چند لمحوں میں معلوم کر سکے۔

مجلد، صفحات: ۳۲۰ - ھدیہ ۲۸/ روپے۔ کتب فروش بھی رجوع فرمائیں

عالمگیر پبلشرز - تاج مینشن - B/3 کمرشیل ایریا - ناظم آباد ۲ کراچی